## پناہ گزینوں کے سرحدی حقوق

**اپنے حقوق کی جانکاری کا ہدایت نامہ برائے۔ امریکہ کے رستے کینیڈا آنے والے غیر ملکی امریکی شہری جو پناہ گزین کے دعوی دار ہیں۔**

آپکو اپنی اور اپنے خاندان کی حفاظت طلب کرنے کا حق ہے۔ یہ ہدایت نامہ آپکے فیصلے کی حمایت میں معلومات کی فراہمی کے لئے ہے۔ اِس میں عام معلومات درج ہیں نہ کہ قانونی مشورے ۔فراہم کردہ معلومات کے علاوہ آپ کومتعدد مخصوص تفصیلات بھی مدِنظر رکھنی ہوں گی۔ مہربانی فرما کر اگر ممکن ہو توآپ وکیل سے مشورہ کریں۔

یہ ہدایت نامہ اونیٹریو کی قانونی یونین" **امیگریشن قانونی کمیٹی**" اور "**کوئی بھی غیر قانونی نہیں**"کا مرتب کردہ ہے۔

حمایت کردہ افریقی۔ کینیڈئین قانونی کلینک۔

## داخلی بندرگاہ سے آمد:۔

داخلی بندرگاہ وہ جگہ ہے جہاں سے آپ قانونی طور پر کینیڈا میں داخل ہو سکتے ہیں۔ زمینی داخلی بندرگاہ سے پیدل چلنے والے، بسیں، سائیکل سوار، ریل گاڑی اور موٹر کاریں کینیڈا میں امریکہ کی جانب سے داخل ہوتی ہیں۔ ہوائی اڈے اور سمندری بندرگاہیں دیگر بندرگاہوں میں ہیں۔ کینیڈا اور امریکہ نے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں جس کا نام **محفوظ** STCAشمار - **تیسرے ملک کا معاہدہ** ہے

جو متعدد افراد کینیڈا کی قانونی زمینی بندرگاہ سے داخل ہوتے ہیں اُنہیں یہ معاہدہ پناہ گزینوں کی حیثیت دعویٰ سے روکتا ہے۔ اِس پابندی پر تین اہم مستثنیات/رعائیات ہیں۔ ان تین وجوہات میں اگر آپ زمینی بندرگاہ سے بھی داخل ہوں تب بھی دعویٰ پناہ گزینی کے اہل ہو سکتے ہیں۔

1) اگر آپکا خاندان کینیڈا میں ہے تو آپ زمینی بندرگاہ سے داخل ہونے پر بھی دعویٰ پناہ گزینی کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مثلاً مخالف جنس یا ہم جنس ، شریک حیات ، عمومی قانونی ساتھی، قانونی سرپرست (اگر مدعی18 برس سے کم عمر ہو) بچہ، والدین، بہن بھائی، نانا/دادا یا نانی/دادی، پوتا/نواسہ یا پوتی/نواسی، خالہ/خالو یا پھوپھا/پھوپھی، بھانجا/ بھتیجا یا بھانجی/بھتیجی، تمام خاندان کے افراد اہل نہیں ہوتے۔
جب آپ داخل ہوں تو امیگریشن افسر کو یہ ثابت کرنا ضروری ہو گا کہ آپکے خاندان

کے فرد ملک میں خود جسمانی طور پر موجود ہیں اور کینیڈا میں تارکین وطن کی حیثیت حاصل ہے۔ تارکین وطن کی حیثیت حاصل ہونے کا مطلب ہے کہ انہوں نے اپنا دعویٰ پناہ گزینی حاصل کر لیا ہے یا نکالے جانے کے خطرے کی تشخیص، مستقل رہائشی، کینیڈئین شہری یا ایسا شخص جس کے نکالے جانے کے حکم کو روک دیا گیا ہو۔ ایسا شخص جس کے پاس کام کا پرمٹ /اجازت نامہ یا تعلیمی پرمٹ/اجازت نامہ یا ایسا شخص جس نے پناہ گزینی کا دعویٰ کیا ہو اور اُس پر موجودہ کاروائی چل رہی ہو۔ آپکو اپنے خاندان کے فرد کی معلومات و رابطہ درکار ہوں گی۔ (افسر شائد آپکے خاندان کے فرد کو فون پر رابطہ کرے اور سوالات پوچھے)۔ شائد آپکو اپنے دستاویزات درکار ہوں جس سے آپ کی آپس کی رشتہ داری اور اُن کی کینیڈا میں حیثیت کا ثبوت ثابت ہو ۔

2) آپ اگر ایک تنہا بچہ ہیں اور زمینی بندرگاہ سے داخل ہو رہے ہیں تو بھی آپ دعویٰ پناہ گزینی کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اِس کا مطلب ہے کہ آپکی عمر 18برس سے کم ہے، آپ غیر شادی شدہ ہیں اور کینیڈا میں والدین یا قانونی سرپرست کے بغیر داخل ہو رہے ہیں۔ اور کینیڈا یا امریکہ میں آپ کے والدین یا قانونی سرپرست موجود نہیں ہیں۔

3) آپ دعویٰ پناہ گزینی کے اہل ہو سکتے ہیں اگر آپ کے پاس درست ویزا یا کینیڈا میں داخل ہونے کا سفری دستاویز موجود ہو یا درست کام یا تعلیمی پرمٹ/اجازت نامہ ہو۔ یا

STCA آپ کسی ایسے ملک سے تعلق رکھتے ہوں جسے کینیڈا داخل ہونے کے لئے ویزا کے تحت خارج درکار نہ ہو۔ اگر آپ جہاز یا کشتی کے ذریعے داخل ہوں تو آپ کو نہیں کیا جا ئے گا اور آپ شائد بندرگاہ پر ہی دعویٰ پناہ گزینی کی درخواست کا عمل شروع کر سکیں گے۔ لیکن اگر آپ کو امریکہ میں پناہ گزینی کی حیثیت سے انکار ہو چکا ہو اور آپ امریکہ سے جلاوطنی کے بعد کینیڈا کے راستے گزر رہے ہوں تو پھر دعویٰ کرنا ممکن نہ ہو گا۔

## **داخلی بندرگاہ پر پناہ گزینی کا دعویٰ کرنا:**

STCA کی مستثنیات کی بناہ پر اگر آپ کو کینیڈا میں داخل ہونے کی اجازت ہے یا آپ ہوئی اڈے یا سمندری بندرگاہوں کے ذریعے داخل ہوئے ہیں تو داخلی بندرگاہ پر ہی ایک افسر آپکا انٹرویو کرے گا وہی یہ فیصلہ کرے گا کہ آپ پناہ گزینی کی حیثیت سے درخواست کا عمل شروع کر سکتے ہیں (پناہ گزین کا دعویٰ کرنے کے اہل)۔ وہ افسر آپ کو فوری طور پر دعویٰ پناہ گزینی کی اجازت دے سکتا ہے، یا کینیڈا میں داخل ہونے کی اجازت کے بعد کسی اور دن انٹرویو کے لئے دوبارہ پیش ہونے کو کہہ سکتا

ہے۔اور وہ افسر آپ کومزید معلومات حاصل کرنے کی غرض سے حراست (جیل) میں بھی لے سکتا ہے ۔چند وجوہات کی بناء پر ہو سکتا ہے کہ آپ کو دعویٰ پناہ گزینی کی اجازت نہ ہو:۔

۱۔ اگر آپ کے پاس کسی اور ملک میں پناہ گزینی کی حیثیت موجود ہو اور آپ وہاں واپس جا سکیں۔
۲۔ آپ نے پہلے بھی کینیڈا میں پناہ گزینی کا دعویٰ کیا ہو اور وہ مسترد، ترک یا ملتوی یا واپس /رد کیا گیا ہو۔
۳۔ یا آپ ناقابل قبول تصور کئے جاتے ہوں، اورلوگوں کی سلامتی کے خطرے کی علامت ہوں یا ارتکاب سنگین جرائم ہو۔

اگر افسر آپ کو دعویٰ پناہ گزینی کی اجازت دے دیتا ہے، تو آپ کو پناہ گزین کے تحفظ کے مدعی دستاویز دئیے جائیں گے۔ جن کے تحت آپ کو صحت و فلاحی بہبود فراہم ہو سکے گی۔ اور آپ کام کے پرمٹ/اجازت نامہ کے لئے بھی درخواست دے سکیں گے۔ آپ کو ایک اہم فارم "دعوے کی بنیاد "بھی دیا جائے گا۔ تیار رہیں آپ کو یہ فارم پُر کرنا ہو گا اور اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ دنوں کے اندر یہ امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ کے حوالے کر دیا جائے۔ اگر ہو سکے تو اِسے پر کرنے کے لئے کسی کی مدد حاصل کر لیں، اور اِس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ آپ نے اپنے دعوے سے متعلق تمام معلومات درج کر دی ہیں۔

## کینیڈا میں باقاعدہ داخلی بندرگاہ کے علاوہ کہیں اور سے داخل ہونا

متعدد افراد کینیڈا میں زمینی راستے سے داخل ہوتے ہیں لیکن یہ داخلی بندرگاہ یا سرکاری سرحدی گزرگاہ نہیں ہوتی۔ یہ امر "غیر قانونی" نہیں، لیکن آپ کو حراست میں لیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کینیڈا میں داخل ہونے پر پولیس یا کینیڈا کی امیگریشن کی نفاذ کی تحویل میں آجائیں تو انہیں فوری طور پر یہ بتا دیں کہ آپ کواپنے ملک میں خطرہ ہے۔
ایک مرتبہ جب آپ کینیڈا میں داخل ہو گے ہوں تو قانونی طور پر دعویٰ پناہ گزینی کینیڈا بارڈر - اور شہریت کینیڈا کے (www.cic.gc.ca)سروسز ایجنسی، کسی بھی امیگریشن، پناہ گزین دفتر میں دائر کر سکتے ہیں

آپ کو اِس دفتر سے دیگر فارم فراہم کئے جائیں گے۔ جب تک آپ اس دفتر میں پر شدہ فارم واپس نہ لائیں تب تک آپ صحت و سماجی بہبود کی سہولیات اور کام کا پرمٹ/اجازت نامہ نہیں لے سکتے۔ یہ "اندرونِ ملک دعویٰ"کہلاتا ہے۔ احتیاط سے پر کیجئے کیونکہ یہی وہ فارم ہیں جو آپ کے دعوے کی بنیاد بنے گے اور فیصلہ ساز کی نظرثانی سے گزریں گے۔ جو کہ آپ کے دعویٰ پناہ گزینی کا فیصلہ کرے گا۔

## اپنی حفاظت

آپ امیگریشن کے نفاذ (کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی) کے افسر یا پولیس سے جو کچھ بھی کہیں گے وہ آپ کی دعویٰ پناہ گزینی کی فائل کا حصہ بنے گا۔بعد ازاںآپ کو پناہ گزینی کی سماعت پر اُس کے متعلق سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔ کوشش کیجئے کہ اپنے ملک واپسی کی مشکلات/خوف کے بارے میں زیادہ سے زیادہ تفصیلات شامل کر سکیں۔ جھوٹی/غلط معلومات یا نا مکمل جوابات آپ کی کہانی پر منفی اثر ڈال سکتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ آپ کی کہانی پر بعد ازاں یقین ہی نہ کیا جائے۔ آپ کو صلاحکار حاصل کرنا چاہیے (لائسنس یافتہ امیگریشن صلاحکار یا وکیل) جو آپ کے فارم پُر کرنے اور پناہ گزین کی عرضی مکمل کرنے میں آپ کی مدد کرے۔ کئی ایسے وکلاء اور امیگریشن صلاحکار بھی پائے جاتے ہیں جو بری طرح پیش آتے ہیں۔

سو کوشش کیجئے کہ آپ کو ایسے صلاحکاروں کے نام مہیا ہوں، جو کسی قابل اعتماد ذریعے کہ اپنے سفر کے آغاز سے Legal Aid یا کمیونٹی ایجنسی سے حاصل کردہ ہوں۔ آپ کو چاہیے پہلے کسی وکیل سے مشورہ کریں۔ ایک دفعہ کینیڈا پہنچنے پر آپ "قانونی مدد" پروگرام کے ذریعے مفت قانونی مدد کے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔

اگر وہ شخص جو آپ کو سرحد پار کرنے میں مدد کر رہا ہے اُسکا معاوضہ لے رہا ہے تو اسے امیگریشن یا مجرمانہ الزام کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وہ اشخاص جو لوگوں کو سرحد پار کرنے میں مدد دے رہے ہیں انہیں اس بات کی یقین دہانی کرناہو گی کہ وہ یہ امر خالصتاً انسانی ہمدردی کی بناء پر کر رہے ہیں اور اِ س میں ان کا کوئی"مالی مفاد"نہیں۔ اگر آپ کینیڈا آنے کے لئے پناہ گزینوں کی مدد کر رہے ہیں تو قانونی مشورہ لیجئے۔ آپ کیننڈا میں ایسی جگہ بھی چھوڑے جاسکتے ہیں جو بالکل الگ تھلگ ہو۔ جہاں کوئی نقشہ، رہائشی یا مدد بھی درکار نہ ہو۔ عین ممکن ہے کہ سردیوں میں (کینیڈا کے کئی علاقوں میں اکتوبر تا اپریل) اگر آپ کچھ عرصے کے لئے باہر نکلے ہوں تو سنگین مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ بہت سے گرم کپڑے ہمراہ لائیے۔ پانی، کھانا اور ہاتھ پیر گرم رکھنے کا بندوبست، اپنا موبائل فون ہمراہ لائیے لیکن اس

بات کا تعین کر لیجئے کہ دور دراز علاقوں میں رومنگ پر کال ہو سکمی حالات میں آپ پر کینیڈا میں کال کر سکتے ہیں۔ لیکن اِس صورت میں ہو سکتا ہے کہ پولیس بھی ہمراہ آئے

کینیڈا میں پناہ گزین کے عمل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں :
**http://refugee.cleo.on.ca/en/refugee-claim-flowchart**

لوڈ اور وسیع پیمانے پر دوبارہ شائع کریں

سوالات؟ ای میل کریں :

**nooneisillegal@riseup.net.**

یہ قانونی گائیڈ پناہ گزینی کے دعویدار کے لئے غالب قانونی نظام ہے جو کینیڈا کے پناہ گزین قانون، تک محدود ہے

کینیڈا ایک سودیشی لینڈ ہے اور تمام نئے آنے والوں کے لئے اس کو سمجھنے کے لئے درخواست ہے .